(چوتھا پرچہ) (ii) اسلام اور فلسفہ

کل نمبر: 100 وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: پانچ سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

1- مندرجہ ذیل میں سے صرف دس اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے۔

(۱) فلسفے کی اصطلاح میں "ہیولیٰ" کسے کہتے ہیں۔ (۲) فلسفہ خودی سے متعلق علامہ اقبال کا کوئی شعر لکھیں۔ (۳) کس فلسفی نے عدد کو کائنات کی اصل قرار دیا؟ (۴) مابعد الطبیعات کا مفہوم کیا ہے؟ (۵) مسلم فکر کی تاریخ میں مرجیہ سے کون مراد ہیں؟ (۶) مسئلہ خلق قرآن کیا ہے؟ (۷) رواقیت کسے کہتے ہیں؟ (۸) انیکسا گوراس کے فلسفے کی خاص بات کیا ہے؟ (۹) غور و فکر کی اہمیت کے بارے میں کوئی آیت تحریر کریں۔ (۱۰) مقالات الاسلامیین کے مصنف کا نام لکھیں۔ (۱۱) کسی فلسفی نے کہا کہ کائنات کا آغاز پانی سے ہوا۔ (۱۲) امام غزالی نے فلاسفہ کے کون سے تین طبقات بتائے ہیں۔

2- فلسفہ کسے کہتے ہیں؟ انسانی زندگی میں فلسفے کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔

3- افلاطون کے فلسفیانہ افکار کا جامع خلاصہ تحریر کریں۔

4- مسئلہ جبر و قدر کیا ہے؟ مسلم فکر کی تاریخ میں جبریہ اور قدریہ کے افکار کا موازنہ کریں۔

5- علامہ اقبال کے افکار مسلمانوں کے لیے بیداری کا پیغام ہیں، دلائل سے واضح کیجئے۔

6- یونانی فلسفہ کے نظریہ اخلاق کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تجزیہ کریں۔

7- علامہ ابن رشد کے افکار و نظریات کا خاکہ اپنے تبصرے کے ساتھ لکھیں۔

8- علم الکلام اور فلسفہ کے تقابلی جائزہ پر ایک مضمون تحریر کریں۔

9- درج ذیل عنوانات میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں۔

(۱) فلسفے کا دیگر علوم سے تعلق (۲) شاہ ولی اللہ کا نظریہ عالم مثال

کل نمبر: 100 | پرچہ چوتھا (ii): اسلام اور فلسفہ | وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: پانچ سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

سوال 1: الف) درج ذیل اصطلاحات میں سے صرف پانچ کی وضاحت کریں:

ہیولا- تعلیل- سوفسطائیت- وحدت الشہود- استدام محض- رواقیت- بسیط

(ب) درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے مختصر جواب لکھئے:

1- معلم اوّل کس فلسفی کو کہا جاتا ہے؟

2- انیکسی منیز (Anaximines) نے کائنات کا بنیادی عنصر کس چیز کو قرار دیا؟

3- پروٹاگوراس کا مشہور مقولہ لکھئے۔

4- واصل بن عطاء کس مکتب فکر کا بانی تھا؟

5- عالم مثال سے کیا مراد ہے؟

6- تہافۃ التہافۃ الفلاسفۃ کس کی تصنیف ہے؟

7- تفکر و تدبر کے حوالہ سے کوئی قرآنی آیت لکھئے۔

سوال 2: مسلمانوں میں اختلاف فکر و نظر کی نوعیت اور اسباب پر روشنی ڈالئے۔

سوال 3: افلاطون تاریخ فلسفہ میں مثالیت کا بانی ہے، بحث کیجئے۔

سوال 4: نوفلاطونیت سے کیا مراد ہے؟ اس کے بنیادی خدوخال پر جامع تبصرہ کیجئے۔

سوال 5: ابن رُشد کی فلسفیانہ خدمات کا خلاصہ پیش کیجئے۔

سوال 6: علامہ اقبال کے فلسفیانہ افکار کا تفصیلی جائزہ پیش کریں۔

سوال 7: معتزلہ کا فکری منہج کیا تھا؟ ان کے افکار مع دلائل تحریر کیجئے۔

سوال 8: فلسفہ اور مذہب کا تقابلی جائزہ پیش کیجئے۔

سوال 9: درج ذیل عنوانات میں سے دو پر مختصر نوٹ لکھیں:

(الف) آیونیائی فلسفہ (ب) ارسطو کا نظریہ سیاسیات

(ج) سیّد مودودی کا نظریہ قومیت

اس پرچہ میں کامیابی کیلئے "اسلام اور فلسفہ" ملک کریم بخش کا مطالعہ فرمائیں

www.ilmkidunya.com

سال دوئم..... سالانہ امتحان 2013ء

کل نمبر: 100 | **پرچہ چوتھا (ii): اسلام اور فلسفہ** | وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: پانچ سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

سوال 1: الف) درج ذیل اصطلاحات میں سے صرف پانچ کی وضاحت کیجئے:

-1 عرض -2 استدلال -3 جوہر

-4 نوفلاطونیت -5 وحدت الوجود -6 عرض

-7 ممتنع الوجود

ب) درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے مختصر جواب لکھئے:

-1 عدد کو کائنات کا بنیادی عنصر کس نے قرار دیا؟

-2 ''علم سب سے بڑی نیکی ہے'' کس کا قول ہے؟

-3 اپنے آپ کو ''اہل التوحید والعدل'' کہنے والے گروہ کا معروف نام لکھئے۔

-4 ''تہافۃ الفلاسفہ'' کے مصنف کا نام لکھئے۔

-5 ارتفاقات سے کیا مراد ہے؟

-6 ''المدینۃ الفاضلۃ'' سے کیا مراد ہے؟ اور یہ کس کا دیا ہوا تصور ہے؟

-7 غور وفکر کی اہمیت میں کوئی قرآنی آیت لکھئے۔

سوال 2: فلسفہ سے کیا مراد ہے؟ بطور علم اس کے اغراض و مقاصد اور معاشرے پر اثرات قلمبند کیجئے۔

سوال 3: ارسطو کا فلسفہ یونانی فلسفہ کا نقطۂ عروج ہے۔ بحث کیجئے۔

سوال 4: مسئلہ جبر وقدر پر تفصیلاً روشنی ڈالیں۔

سوال 5: الکندی کے فلسفیانہ افکار کا خلاصہ لکھئے۔

سوال 6: شاہ ولی اللہؒ کے فلسفیانہ افکار کا جائزہ لیتے ہوئے ثابت کیجئے کہ انہوں نے یونانی فلسفہ کی تائید یا تردید کے بجائے ایمانی فلسفہ پر زور دیا ہے۔

سوال 7: الفارابی کے فلسفیانہ افکار کا جائزہ لیتے ہوئے واضح کیجئے کہ اسے معلم ثانی کیوں کہا جاتا ہے؟

سوال 8: فلسفہ اور علم الکلام کا تقابلی جائزہ پیش کیجئے۔

سوال 9: درج ذیل عنوانات میں سے دو پر مختصر نوٹ لکھیں:

(الف) معتزلہ (ب) مسلمانوں میں اختلاف فکر ونظر کے اسباب

(ج) ایلیائی فلسفے کی خصوصیات

اس پرچہ میں کامیابی کیلئے ''اسلام اور فلسفہ'' ملک کریم بخش کا مطالعہ فرمائیں

پرچہ نمبر 4(ii) اسلام اور فلسفہ

نوٹ:۔ کل پانچ سوالوں کے جواب تحریر کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ سب سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر (۱): (الف) درج ذیل اصطلاحات میں سے پانچ کی وضاحت کیجئے۔

۱۔ بسیط ۲۔ عقلیت ۳۔ ممکن الوجود ۴۔ سوفسطائیت ۵۔ تشکیک ۶۔ جوہر ۷۔ علم الکلام

(ب) درج ذیل میں سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔

۱۔ مینار کی اونچائی اس کے سایہ سے معلوم کرنے کا طریقہ کس فلسفی نے دریافت کیا؟

۲۔ انیکسیمینڈ کس چیز کو کائنات کا بنیادی عنصر قرار دیتا ہے؟

۳۔ ناؤس (Nous) سے کیا مراد ہے؟

۴۔ علم کو نیکی کس فلسفی نے قرار دیا؟

۵۔ اقبالؒ کے خطابات کے مجموعے کا نام کیا ہے؟

۶۔ عقل ہیولانی سے کیا مراد ہے؟

۷۔ ابوالحسن علی بن اسماعیل اشعری نے کس مکتب فکر کی بنیاد رکھی؟

سوال نمبر (۲) فلسفہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے وضاحت کریں کہ دیگر علوم کے مقابلے میں فلسفہ کیوں ایک وسیع علم ہے؟

سوال نمبر (۳) اختلاف فکر و نظر کے اہم اسباب کا جائزہ لیجئے۔

سوال نمبر (۴) امام غزالیؒ کے فلسفیانہ افکار کا جائزہ لیتے ہوئے ان کے ہاں تلاش حقیقت کے طریق کار کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر (۵) افلاطون کے نظام فکر کا جائزہ لیتے ہوئے ثابت کیجئے کہ عالم اِمثال اس کا مرکزی نقطۂ نظر ہے۔

سوال نمبر (۶) معتزلہ کے افکار مع دلائل پیش کیجئے۔

سوال نمبر (۷) فلسفہ خودی کیا ہے؟ اقبالؒ کے افکار کا جائزہ اُس کے اشعار کی روشنی میں پیش کیجئے۔

سوال نمبر (۸) اِسلامی نظریہ اخلاق کا یونانی نظریہ اخلاق سے تقابل کیجئے۔

سوال نمبر (۹) درج ذیل میں سے دو عنوانات پر نوٹ لکھئے۔

ا۔ ارسطو کا فلسفہ اخلاق ب۔ حیات بعد الموت کے عقلی و نقلی دلائل ج۔ سوفسطائیت

www.ilmkidunya.com

سال دوئم..... سالانہ امتحان 2011ء

old-solved-guess-papers.blogspot.com

کل نمبر: 100 — پرچہ چوتھا (ii): اسلام اور فلسفہ — وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: پانچ سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

سوال 1: (الف) درج ذیل میں سے پانچ اصطلاحات کی مختصر وضاحت کریں:

حادث - عرض - وحدۃ الوجود - علت العلل - وجدان - مکان - باطن

(ب) درج ذیل میں سے پانچ معروضی سوالوں کے مختصر جواب لکھیں:

1- عالم مثال اور عالم امثال میں کیا فرق ہے؟

2- علم کی اہمیت کے بارے میں ایک قرآنی آیت لکھیں۔

3- ارسطو کے ہاں علت صوری کا کیا تصور ہے؟

4- الکلام اور علم الکلام کس کی تصنیف ہے؟

5- اقبالؒ کے تصور تصوف پر ایک شعر لکھیں۔

6- تاؤس سے کیا مراد ہے؟ اس کا تصور کس فلسفی نے دیا؟

7- پروٹاگوراس کا مشہور مقولہ کون سا ہے؟

سوال 2: فلسفے کی تعریف کریں اور اس کی اہمیت واضح کریں۔

سوال 3: سوفسطائیت کا رد کرتے ہوئے سقراط نے یونان میں نئے فلسفے کی بنیاد رکھی' وضاحت کیجئے۔

سوال 4: اسلامی فلسفے کے ارتقاء کی تاریخ سے متعلق' آپ کیا جانتے ہیں؟

سوال 5: علامہ ابن رشد نے امام غزالی کے افکار پر کڑی تنقید کر کے فلسفے کو دوبارہ زندہ کر دیا' مدلل تبصرہ کیجئے۔

سوال 6: ارسطو کے سیاسی و سماجی افکار کیا تھے؟ اس نے افلاطون کے کون سے تصورات کی مخالفت کی؟

سوال 7: اشاعرۃ کے افکار و دلائل کا جامع خلاصہ پیش کیجئے۔

سوال 8: فلسفہ اور مذہب کی حدود اور طریق کار کا جائزہ لیتے ہوئے ان کا تقابل کیجئے۔

سوال 9: درج ذیل عنوانات میں سے دو پر مختصر نوٹ لکھیں:

(الف) شرف انسانیت (ب) الکندی

(ج) سید مودودی کا تصور قومیت (د) فیثا غورث

old-solved-guess-papers.blogspot.com